# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، فیصل آباد

## پریس ریلیز نمبر:۔05

**مورخہ:۔20-10-2022**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹر (2nd Annual) 2022ء مورخہ 01-12-2022 سے شروع ہوگا۔ داخلہ فیس رداخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

| جماعت (پارٹ) | گروپ | سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ مورخہ 02-11-2022 | | ڈبل فیس کے ساتھ آخری تاریخ مورخہ 07-11-2022 | | تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ مورخہ 10-11-2022 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر | پرائیویٹ | ریگولر |
| پارٹ اول (11th) | سائنس | 1345/- | 950/- | 2245/- | 1750/- | 3145/- | 2550/- |
| | آرٹس | 1245/- | 900/- | 2045/- | 1650/- | 2845/- | 2400/- |
| پارٹ دوئم (12th) | سائنس | 1345/- | 1845/- | 2245/- | 2645/- | 3145/- | 3445/- |
| | آرٹس | 1245/- | 1795/- | 2045/- | 2545/- | 2845/- | 3295/- |
| کمپوزٹ (11th + 12th) | سائنس | 1745/- | 2545/- | 3045/- | 4045/- | 4345/- | 5545/- |
| | آرٹس | 1645/- | 2445/- | 2845/- | 3845/- | 4045/- | 5245/- |
| علوم السنہ شرقیہ | - | 1345/- | - | 2245/- | - | 3145/- | - |

### شرائط:۔

1۔ امتحان انٹر 2nd Annual میں بطور پرائیویٹ پہلی مرتبہ پارٹ سیکنڈ اور کمپوزٹ کے امیدواران بھی شاملِ امتحان ہو سکتے ہیں۔ یہ امیدواران درج بالا فیس کے علاوہ مبلغ-/600 روپے سند کی فیس بھی جمع کروائیں گے۔

2۔ تمام داخلہ فیسوں کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا داخلہ فارم کے ساتھ آن لائن پرنٹ شدہ بنک چالان پر ہی داخلہ فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم شیڈول کے مطابق بورڈ دفتر میں دستی/بذریعہ ڈاک جمع کروائیں۔ بذریعہ ڈاک آخری تاریخ کو رجسٹری شدہ داخلہ فارم کو تین دن کی رعائیت دی جائے گی۔ (یہ سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول پر لاگو ہوگی) تاخیر کی صورت میں آئندہ شیڈول کی فیس لاگو ہوگی۔

Result.pk

3۔ آرٹس گروپ میں پریکٹیکل والا مضمون اختیار کرنے کی صورت میں سائنس گروپ کی فیس لاگو ہوگی جبکہ ڈویژن امپرو کرنے والے امیدواران داخلہ فیس کے علاوہ مبلغ-/600 روپے سند کی فیس بھی جمع کروائیں گے۔

4۔ بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات کے پارٹ سیکنڈ کے ریگولر امیدواران جن کا داخلہ ادارہ نے فرسٹ اینول 2022 میں کسی وجہ سے روک لیا تھا وہ بھی داخلہ بھیجنے کے اہل ہوں گے اور درج بالا شیڈول کے مطابق فیس جمع کروائیں گے۔

5۔ تمام ریگولر/پرائیویٹ امیدواران بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk سے اپنا سابقہ رول نمبر اور سال Submit کر کے اپنا داخلہ فارم بمعہ فیس بنک چالان 80 گرام A-4 سائز کاغذ پر پرنٹ کریں اور اسی بنک چالان پر فیس جمع کروا کر اپنا داخلہ فارم بروقت ارسال کریں گے۔

6۔ سرکاری/پرائیویٹ ادارہ جات ریگولر طلباء و طالبات کے داخلہ فارم سے متعلقہ میٹریل بورڈ کی ویب سائیٹ www.bisefsd.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کریں اور دی گئی ہدایات کے مطابق داخلہ فارم ترتیب دے کر ارسال کریں یا بورڈ دفتر میں جمع کروائیں۔

7۔ داخلہ فیس بورڈ کی منظور شدہ یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ اور مسلم کمرشل بینک کی برانچوں میں جو کہ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع ہیں میں جمع کروائیں۔ منی آرڈر/بینک ڈرافٹ قابل قبول نہ ہے۔

8۔ جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔

دستخط شدہ/-
سیکرٹری

نمبر 169 - ایس ایم

مورخہ 20-10-2022

**کاپی برائے اطلاع:۔**

01۔ ڈویژنل ڈائریکٹر کالجز، فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد

02۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد/چنیوٹ/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

03۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) فیصل آباد/چنیوٹ/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

04۔ فیصل آباد بورڈ کی حدود میں واقع تسلیم شدہ ہائر سیکنڈری سکولز/کالجز کے سربراہان۔

05۔ انچارج خبرنامہ پی ٹی وی/ریڈیو پاکستان، فیصل آباد۔

06۔ ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، فیصل آباد

07۔ پریس کلب۔ فیصل آباد/چنیوٹ/جھنگ/ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

08۔ کمپیوٹر برانچ برائے ویب سائٹ۔

09۔ منیجر یو بی ایل، کوتوالی روڈ، فیصل آباد اور منیجر MCB جیل روڈ فیصل آباد۔

Saeed Awan

ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن/اجلاسات)
برائے سیکرٹری